## سوال

(202) کیا گناہ والی شادی بیاہ میں شرکت کرنا جائز ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا گناہ والی شادی بیاہ میں شرکت کرنا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ایسا شخص جس کی ایسی شادی یا غمی میں شریک نہ ہونے یا دعوت قبول نہ کرنے سے لوگوں کو تنبیہ ہونے کی امید ہو تو بہ نیت تنبیہ ان لوگوں کی اس شادی غمی میں شریک نہ ہو اور ایسا شخص جس کے وہاں جاکر وعظ و نصیحت کرنے سے امید ہو کہ وہ لوگ اس کی نصیحت مان جائیں گے اس شادی یا غمی میں شریک ہونا جائز ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

## کتاب النکاح، صفحہ: 395

## محدث فتویٰ